پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو۔ کینیڈا
قیمت ۵۰ سینٹ

۲۰ شعبان ۱۴۰۵ھ / ۱۰ مئی ۱۹۸۵ء
بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار
جلد نمبر ۱۴ / شمارہ نمبر ۹

RAMADHAN TIME TABLE 1405 — 1985

"O you who believe fasting has been enjoined on you even as it was enjoined on the nations before you so that you may become conscious of Allah (2: 183)

1985 MAY/JUNE DATE/DAY			RAMADHAN 1405 DATE	FINISH SAHUR/FAJAR	SUNRISE	ZUHR	ASR	SUNSET	ISHA
May									
21		Tue	1*	4:05	5:47	1:14	6:26	8:44	10:10
22		Wed	2	4:05	5:46	1:14	6:27	8:45	10:10
23		Thu	3	4:03	5:46	1:14	6:27	8:46	10:10
24		Fri	4	4:02	5:44	1:14	6:28	8:47	10:10
25		Sat	5	4:01	5:44	1:14	6:28	8:48	10:10
26		Sun	6	4:00	5:43	1:15	6:29	8:49	10:10
27		Mon	7	3:58	5:42	1:16	6:30	8:50	10:10
28		Tue	8	3:57	5:41	1.15	6:30	8:51	10:10
29		Wed	9	3:56	5:41	1:15	6:31	8:52	10:10
30		Thu	10	3:55	5:40	1:15	6:31	8:52	10:10
31		Fri	11	3:53	5:40	1:15	6:32	8:53	10:10
1	Jun	Sat	12	3:53	5:39	1:15	6:32	8:54	10:10
2		Sun	13	3:52	5:39	1:16	6:33	8:55	10:10
3		Mon	14	3:51	5:38	1:16	6:33	8:56	10:10
4		Tue	15	3:51	5:38	1:16	6:34	8:56	10:15
5		Wed	16	3:50	5:37	1:16	6:34	8:57	10:15
6		Thu	17	3:49	5:37	1:16	6:35	8:58	10:15
7		Fri	18	3:48	5:37	1:16	6:35	8:58	10:15
8		Sat	19	3:48	5:36	1:17	6:35	8:59	10:15
9		Sun	20	3:47	5:36	1:17	6:35	9:00	10:15
10		Mon	21	3:47	5:36	1:17	6:36	9:00	10:15
11		Tue	22	3:46	5:36	1:17	6:37	9:01	10:15
12		Wed	23	3:46	5:36	1:17	6:37	9:01	10:15
13		Thu	24	3:46	5:35	1:18	6:37	9:02	10:15
14		Fri	25	3:45	5:35	1:18	6:38	9:02	10:15
15		Sat	26	3:45	5:35	1:18	6:38	9:03	10:15
16		Sun	27	3:45	5:35	1:18	6:38	9:03	10:15
17		Mon	28	3:45	5:35	1:18	6:39	9:03	10:15
18		Tue	29	3:45	5:35	1:18	6:39	9:04	10:15
19		Wed	30	3:46	5:36	1:18	6:39	9:04	10:15
20*		Thu	EID*						

Finish eating 10 Minutes before Fajar Time

Ramadhan begins and ends subject to the moon.

سندھ کی دس رکنی کابینہ کے ۹ وزراء نے حلف اٹھا لیا

وزیراعلیٰ غوث ۱۰ ویں رکن ہیں۔ احد یوسف [illegible] وزیر ہوئے ہیں۔

[illegible]

[illegible]

پنجاب اور صوبہ سرحد میں حکومتیں تشکیل دے دی گئیں

سرحد کی ۱۱ اور پنجاب کی ۱۵ رکنی کابینہ نے حلف اٹھا لیا

صوبائی حکومت قوم کی توقعات پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کرے گی۔ وزیراعلیٰ نواز شریف

[illegible]

نواز شریف

[illegible]

مارشل لاء [illegible] بے جان اور کاغذی شیر ہے: نور خان

[illegible]

بشریٰ زیدی کی ہلاکت میں ملوث ڈرائیوروں کو دوسرے روز بھی عدالت میں پیش نہیں کیا گیا

[illegible]

[illegible]

کنفیڈریشن اور جتوئی کے ۱۷ نکات جیسی باتوں کا بغور جائزہ لیا جا رہا ہے ۔ صدر ضیا

کراچی کے حالات افسوسناک ہیں، صورت حال جلد معمول پر آجائے گی

یعقوب خان کے دورۂ نئی دہلی کی پوزیشن واضح ہو جائے گی، راجیو گاندھی سے دسمبر میں ملاقات ہوگی

فرنٹ پر مخصوص لابی کا شدید ردعمل غیر متوقع نہیں ۔ مینگل

پنجاب کے انتہاؤں کے ردعمل سے ہمارا فائدہ ہوگا ۔ آگے چل کر اختلافات ختم ہو جائیں گے

جتوئی کے ۱۳ نکات ایم آر ڈی کے ۳۴ نکات کی تشریح ہیں ۔ اصغر خان

کنفیڈریشن کا شوشہ کہاں سے آیا؟

فرنٹ قائم کرنے پر پیرزادہ اور ممتاز بھٹو سے وضاحت طلب کی جائیگی

میں پاکستان میں پیپلز پارٹی کے لئے جنگ ہے، لغاری خان کی بات چیت

کنفیڈریشن کا مطالبہ پاکستان کو توڑنے کی جانب پہلا قدم ہے ۔ کھر

فرنٹ کے رہنماؤں نے جو کچھ کہا ہے وہ محب وطن کی توہین ہے اور پاکستانی قوم و پیپلز پارٹی سے غداری ہے

کور شکی کانفرنس میں پریس کانفرنس سے خطاب ...

لندن فرنٹ والوں کو غیر ملکی طاقتوں کی پشت پناہی حاصل ہے ۔ پروفیسر غفور

وزیر اعظم جونیجو مارشل لا ختم کرنے کے لئے جلد اقدام کریں، پشاور میں پریس کانفرنس

کنفیڈریشن کے نعرے مارشل لا کے باعث لگ رہے ہیں ۔ نصراللہ خان

جنرل ضیا کے مارشل لا جاری رکھنے کے متعلق صدر کے بیان پر تعجب نہیں ہوا

صدر ضیا اکتوبر میں امریکہ جائیں گے

کنفیڈریشن کا مطالبہ کسی بھی صورت میں تسلیم نہیں کیا جا سکتا ۔ دولتانہ

پنجاب کا استحصال محض پروپیگنڈا ہے، پنجابی افسر شاہی نے پنجاب کے عوام کو بھی کچھ نہیں دیا

مایوس سیاستدان کنفیڈریشن کے نعرے سے اپنی بھڑاس نکال رہے ہیں ۔ پیر پگارا

جدہ ۔ راولپنڈی ۔ لاہور ۔ لندن ۔ بمبئی ۔ دہلی ۔ ڈھاکہ

ٹکٹ اور دوسری معلومات کیلئے
ہماری خدمات حاضر ہیں

M & J TRAVEL
1240 BAY STREET
TORONTO ONTARIO M5R 2A7
TEL. 960-8348 / 960-8475

New Store In
SCARBOROUGH
3258 Lawrance Ave. East
(One block East of McCowan)

تازہ حلال گوشت ۔ تازہ حلال مرغیاں
ہر قسم کی اعلیٰ گروسری ۔ تازہ سبزیاں

SPICE TOWN
2210 Dundas Street West
(Near Jami Mosque)
Phone: (416) 532-8267

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

پندرہ روزہ

الاسلام

پھر تو ہوتے ہوئے مسلمان

روشنی جب کینیڈا آئی تو بہت خوش تھی۔ بات بات پر ہنستی تھی۔ اسے فلمیں دیکھنے کا بڑا شوق تھا۔ وہ اکثر پاکستانی اور بھارتی فلمی اداکاروں کی باتیں کرتی اور فلمی گیت گنگناتی رہتی۔ خالد اُسے راولپنڈی سے بیاہ کر لایا تھا۔ وہ خالد کی کزن بھی تھی۔ خالد جب کام پر ہوتا تو روشنی تنہائی دور کرنے کے لیے ایک سکھ فیملی کے ہاں چلی جاتی جو ان کے قریب ہی رہتے تھے۔ ۱۹۸۲ء میں اللہ نے انھیں ایک لڑکا دیا۔ پھر انھوں نے ایک گھر بھی خرید لیا۔

کچھ دنوں بعد ان کے بارے میں یہ افواہیں ملنے لگیں کہ وہ اکثر آپس میں لڑتے جھگڑتے ہیں۔ پھر پتہ چلا کہ روشنی اپنے لڑکے کو لے کر علیحدہ ہو گئی ہے اور علیحدگی کی قانونی اجازت بھی لے لی ہے۔ خالد کے بارے میں سنا کہ اس نے شراب اور جوا زیادہ پینا شروع کر دیا ہے۔ بالآخر پچھلے سال پیاہ کے قانون کے مطابق ان کی طلاق ہو گئی۔ ان کا گھر بک گیا اور لڑکے کی قانونی اجارہ داری روشنی کو دے دی گئی۔ خالد پاکستان چلا گیا۔ وہاں اس نے بس جانے کی بہت کوشش کی۔ اس کے گھر والوں نے بھی اُسے روک لینا چاہا۔ مگر اسے اپنا بیٹا، روشنی اور ٹورانٹو بہت یاد آتے تھے۔ چنانچہ وہ چند ہی مہینوں میں اچھے موسم کا انتظار کیے بغیر گزشتہ فروری کی یخ آلود دنوں میں واپس ٹورانٹو چلا آیا۔ یہاں آتے ہی اُسے پتہ چلا کہ روشنی نے ایک سکھ کے ساتھ سکھ مذہب کے مطابق شادی کر لی ہے۔ اب وہ اپنے بیٹے کو لے کر سکھ کے ساتھ رہتی ہے جس کے ساتھ اس کی پہلی ایرانی بیوی کا بھی ایک لڑکی بھی ہے۔ اور خالد کا بیٹا سکھ کو ڈیڈی کہنے لگا ہے۔

گزشتہ سال اپنے گھریلو جھگڑوں کے بارے میں ہمیں فون کیا جس نے ایک ہندو سے شادی کی ہوئی ہے۔ اس کے ہاں لڑکی ہوئی تو وہ چاہتی ہے کہ اس کا مسلم نام رکھے۔ جبکہ اس کا شوہر بضد ہے اس کا ہندو نام رکھنا چاہتا ہے۔

ہمارے جاننے والوں میں ایک صاحب ہیں جن کے لڑکے کی ایک کینیڈین لڑکی سے مسلم رسم و رواج کے مطابق دھوم دھام سے شادی ہوئی۔ کچھ دنوں بعد اسی لڑکے نے ایک کیتھولک چرچ میں صلیب کے سامنے گھٹنے ٹیک کر پادری کے ذریعے عیسائی شادی بھی کر لی۔

یہ واقعات کوئی انہونے نہیں ہیں۔ بلکہ خود ہمارے قارئین ایسے کئی مسلمان افراد کو جانتے ہوں گے جو یہاں کے معاشرتی دباؤ کے تحت خودکشی کر رہے ہیں۔

ان افسوسناک واقعات کے علاوہ دوسری تشویشناک بات جس کا پتہ ایک سروے کے ذریعے چلا ہے وہ یہ ہے کہ جب ٹورانٹو بورڈ آف ایجوکیشن کے تحت میٹرو ٹورانٹو میں نویں جماعت کے طالب علموں کی گھریلو زندگی کے بارے میں ۱۹۸۱ء سے ۱۹۸۳ء تک کا تین سالہ سروے کیا گیا تو معلوم ہوا کہ پاکستانی تارکین وطن کے گھروں سے آنے والے ۲۵ فیصد بچے سنگل پیرنٹ (SINGLE PARENT) فیملی سے تعلق رکھتے ہیں جبکہ اسی جماعت کے سنگل پیرنٹ گروپ کا کینیڈین اوسط ۱۵ فیصد ہے۔ یعنی یہاں بسنے والے پاکستانیوں کی گھریلو زندگی مغربی طرز زندگی سے بدتر ہے!

ہم اُس ملت کا حصہ ہیں جس کے نیک بندے جب اپنے خون پسینے کی کمائی سے پاکیزہ تجارتی اور سیاحتی ضروریات کی بنا پر غیر ملکوں میں جا بستے تھے تو ان کے اعلیٰ اخلاق اور بہترین طرز زندگی کی بنا پر مقامی لوگ جوق در جوق اسلام قبول کرنے چلے آتے تھے۔ انھیں یہ بات اچھی طرح ذہن نشین تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت کا سلسلہ ختم ہو گیا ہے لہٰذا جو کام آنحضورؐ سے قبل انبیاءؑ کیا کرتے تھے وہ سب کے سب آپ کی امت کے ذمے ہیں۔ گویا اقامت دین، دعوت و تبلیغ، تعلیم و تربیت، اصلاح و تزکیہ اور کلمۂ حق کے لیے جہاد۔ یہ سارے فرائض دین پر عائد تھے اور وہ انہیں بڑی الفت سے ادا کرتے تھے۔ مگر آج یہ حال ہے کہ

وہ دیس جو ہر اِک شان سے نکلا تھا وطن سے

پردیس میں وہ آج غریب الغرباء ہے (حالی)

تحفظ دین ہمارا سب سے بڑا فریضہ ہے۔ مگر افسوس کہ ہم صرف اس لیے مسلمان ہیں کہ ہمارے آباؤ اجداد مسلمان تھے۔ ہمارا اسلام صرف یہ تھا کہ "درود و سلام کی دھومیں کرتے، محرم کی مجلسیں برپا کرتے، ذوق و شوق سے خوش نما مسجدیں بناتے اور ویک اینڈ پر ایک آدھ نماز پڑھ لینے تک محدود ہے۔" جبکہ اسلام کو زندگی کے ہر گوشے پر محیط ہونا چاہیے۔ ہمیں یہاں اپنا دین باقی رکھنے کے لیے ایک نو مسلم کے شوق اور جوش و جذبے کے ساتھ اسلام کو نئے سرے سے دریافت کرنا ہوگا۔ ہمیں ایسے ادارے بنانے ہوں گے جہاں مسلمانانِ عالم ہمارے یہاں کے مسائل کو قرآن و سنت کی روشنی میں حل کر سکیں۔ ہمیں اپنی بیویوں کو باور کرانا ہوگا کہ "شوہروں کو زن مرید بنا کر اور بچوں کو PETS کے رول سے نکال کر انہی کو اسلامی طرز حیات کے مطابق محبت، احترام اور شفقت دینا ہوگی۔ قرآن کریم کو صرف حصول ثواب اور ایصال ثواب کا ذریعہ نہیں بلکہ مکمل ضابطۂ حیات سمجھنا ہوگا۔ ورنہ ہم اور ہماری اولاد روشنی، خالد اور خالد کی طرح بہانے نام مسلمان بھی نہ رہ پائیں گے۔

کفار کی حمایت نہ کرو

آج تم ان میں بکثرت ایسے لوگ دیکھتے ہو جو (اہلِ ایمان کے مقابلے میں) کفار کی حمایت و رفاقت کرتے ہیں۔ یقیناً بہت برا انجام ہے جس کی تیاری اُن کے نفسوں نے ان کے لیے کی ہے۔ اللہ ان پر غضبناک ہو گیا ہے اور وہ دائمی عذاب میں مبتلا ہونے والے ہیں۔ اگر فی الواقع یہ لوگ اللہ اور پیغمبرؐ اور اس چیز کے ماننے والے ہوتے جو پیغمبرؐ پر نازل ہوئی تھی تو کبھی کافروں کو اپنا رفیق نہ بناتے۔ (المائدۃ ۸۰-۸۱)

عورتوں کو باریک لباس کی ممانعت

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ (میری بہن) اسماء بنت ابی بکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں اور وہ باریک کپڑے پہنے ہوئے تھیں تو آپؐ نے ان کی طرف سے منہ پھیر لیا اور کہا کہ اے اسماء عورت جب بلوغ کو پہنچ جائے تو درست نہیں کہ اس کے جسم کا کوئی حصہ نظر آئے سوائے چہرے اور ہاتھوں کے۔ (سنن ابی داؤد)

رسول اللہ ﷺ

فاتح خیبر حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: معرفت میرا راس المال ہے۔ عقل میرے دین کی اصل ہے۔ محبت میری بنیاد ہے۔ شوق میری سواری ہے۔ خدا کی یاد میری انیس ہے۔ بھروسہ میرا خزانہ ہے۔ غم میرا رفیق ہے۔ علم میرا ہتھیار ہے۔ صبر میری چادر ہے۔ رضا میرا غنیمت ہے۔ فقر میرا فخر ہے۔ زہد میرا حرفہ ہے۔ یقین میری قوت ہے۔ صدق میرا ساتھی ہے۔

طاعت میرا خیال ہے اور جہاد میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ جس نے علم کا راستہ اختیار کیا اس نے جنت کا راستہ اختیار کیا۔ ... [illegible] ... ایمان والوں میں سب سے کامل وہ ہے جو اخلاق میں سب سے کامل ہو۔ ... [illegible]

بے اختیار

قیصر روم کے دربار میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خط ... [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تحریکِ اسلامی سیرتِ رسولؐ کا حاصل ہے

سید انوار احمد بلگرامی

[illegible]

بے سوز — علامہ اقبالؒ

دل سوز سے خالی ہے، نگہ پاک نہیں ہے

پھر اس میں عجب کیا کہ تو بے باک نہیں ہے

ہے ذوقِ تجلّی بھی اسی خاک میں پنہاں

غافل! تو نرا صاحبِ ادراک نہیں ہے

خواتین کا صفحہ

جیتی جاگتی زندگی

زندگی ویران ہے

میں انتہائی شدید احساس کمتری کی شکار ہوں۔ میرے خاندان میں سب لوگ بے حد خوبصورت اور اچھے ہیں اور میری ساری بہنوں کی شادی ہو چکی ہے ہم پانچ بہنیں ہیں جس میں میرا نمبر چوتھا ہے میری سب سے چھوٹی بہن کی بھی شادی ہو گئی اب صرف میں رہ گئی ہوں۔ میرا سب سے بڑا مسئلہ میری معمولی شکل اور چھوٹا قد اور سانولا رنگ ہے میں نے والدین کا دل رکھنے کو کہہ دیا کہ میں شادی نہیں کروں گی۔ والدین بڑے خوش ہو گئے۔ اب شادی ... [illegible]

(سیمہ)

وٹہ سٹہ

[illegible]

بہن کی خاطر

[illegible]

(ب۔ت)

بار بر اور گاہک

[illegible]

ہمدرد کے قلم سے

غزل

دامِ ظلمات سے سورج کو نکالا جائے
اب مرے خواب کو تعبیر میں ڈھالا جائے

وجہ محرومیٔ منزل نہ بنے لغزشِ پا
لڑکھڑاتے ہوئے انساں کو سنبھالا جائے

ظلمتِ حرص و ہوس سے ہوئے تاریک ضمیر
شمعِ احساس سے سینوں کو اُجالا جائے

منہ پہ کہتا ہے کھری بات ہے کتنا بے باک
کیوں نہ اس شخص کو محفل سے نکالا جائے

میں جدھر جاؤں مرے ساتھ اندھیرے جائیں
تو جدھر جائے ترے ساتھ اُجالا جائے

عمر گزری ہے مری عرضِ تمنا کرتے
اب مجھے وعدۂ فردا پہ نہ ٹالا جائے

حفظِ ناموسِ وطن کا یہ تقاضا ہے طفیل
آستیں میں کوئی اب سانپ نہ پالا جائے

(طفیل ہوشیار پوری)

منیر نیازی

میری ساری زندگی کو بے ثمر اس نے کیا
عمر میری تھی مگر اس کو بسر اس نے کیا
شہر میں وہ معتبر میری گواہی سے ہوا

[illegible]

Foster parents wanted: long hours, hard work, great rewards.

فوسٹر پیرنٹ (رضاعی والدین) بننا ایک مشکل اور محنت طلب کام ہے۔ روزانہ ۲۴ گھنٹے کا کام۔ اکثر مایوسی اور ہمیشہ آپ کے صبر، توانائی اور محنت کا طلبگار۔

اس کے باوجود، یا پھر ان ہی وجوہات کی بنا پر ہزاروں لوگ فوسٹر بچوں کی اپنے گھر میں پرورش کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ ان محنت طلب کاموں میں سے ہے جس کا اجر بہت بڑا ہوتا ہے۔

کچھ بچے چھوٹے ہوتے ہیں اور کچھ جوان سال۔ بعض کی کچھ جسمانی اور جذباتی ضروریات ہوتی ہیں لیکن سب میں ایک بات مشترک ہوتی ہے۔ انہیں اپنی جگہ کے احساس اور تحفظ کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ وہ اپنی زندگی کا ایک مشکل دور گزار سکیں اور بعد میں اپنے خاندان سے دوبارہ جا ملنے کے قابل ہو سکیں۔

ایک بچے یا نوجوان کو اپنی زندگی کی نعمتوں میں شریک کرنے میں ایک خاص مسرت پنہاں ہوتی ہے۔ سوشل ورک کرنے والے اور دوسرے پیشوں سے تعلق رکھنے والوں کی ٹیم کا ایک حصہ ہیں کہ آپ ان بچوں اور ان کے پالنے والوں کی ضرورت کے وقت مدد کر سکیں گے اور خود با شعور بن سکیں گے۔ مزید معلومات کیلئے چلڈرن ایڈ سوسائٹی سے رابطہ قائم کریں۔

Ministry of Community and Social Services

Ontario

ادب و ثقافت

لمحہ لمحہ

خالد احمد

خود کلامی کی تقریب رونمائی

احمد ندیم قاسمی ایوارڈ کا اجرا

دید و باز دید —— اردو ایڈیشن

- محمد نقوش کا توشۂ آخرت —— رسول نمبر
- رسول نمبر کا انعام؟ —— حیرانی اور صرف حیرانی
- محمد طفیل کی نارسائیوں کے ثمرات شیریں

محمد طفیل المعروف محمد نقوش

عزیز محترم — تسلیم

آپ نے پچھلے شمارے میں عرفانہ عزیز کی جو نظم "پتھر آنکھیں" شائع کی ہے وہ اپنی خوبصورتی اور پس منظر کی حسیاتی تصویر کشی کی ایک کامیاب مثال ہے۔ ایسی خوبصورت نظمیں اردو والے ذرا کم ہی لکھتے ہیں۔ میری طرف سے عرفانہ عزیز کو دلی مبارکباد پہنچا دیجئے۔

"الہلال" کے اسی شمارے میں اقبال، فیض اور کرار صاحب کے نام سے ایک مضمون چھپا ہے جسے پڑھ کر سخت حیرت ہوئی کہ کرار صاحب جیسے علم دوست حضرات ایسی لایعنی باتوں میں اپنا وقت کیوں ضائع کرتے ہیں۔ اقبال اور فیض کا مقابلہ یا موازنہ کسی بھی اعتبار سے صحیح تنقیدی روش نہیں۔ اقبال کی شاعری موضوع، سطح اور فکری پس منظر میں فیض کی شاعری سے قطعی طور پر الگ ہے۔ فیض اچھے شاعر ہیں۔ ان کی شاعری میں عظیم شاعری کی کہیں کہیں جھلکیاں بھی دکھائی دیتی ہیں لیکن انہیں اقبال کے مقابلے میں لانا محض بد ذوقی اور کور راہروی ہے۔

عرفانہ عزیز کی نظم "پتھر آنکھیں" کا انگریزی ترجمہ ملفوف ہے۔

نیازمند
عبد الحکیم قریشی

Stone Eyes

Irfana Aziz

As the evening approached
Stone eyes called to the threshold of the house
And the sun held up my orangy scarf
The snowcapped mountains disappeared from the way

The desert and the jungle pursued my footsteps
My songs
Turned into the gentle waves of the river
Seas gathered on my eyelashes
The harvest of crying glanced up
A broken wall appeared; on the door were fixed
the rusted ironbars reaching the sky — but
life, wailing away from the closed windows
was still searching
Frangrant faces of the past seasons
Which were somewhere behind the verdant creepers
These stone eyes just stared at the colourful carpet
Among the boulders

Translated by
—M H K Qureshi

علامہ اقبالؒ کو مسز تھیچر کا خراج تحسین

فورا نو میں ۲۰ اپریل کو شام اقبال کے موقع پر بچے اقبال کی نظم پڑھتے ہوئے۔
دائیں سے بائیں منتظم جلسہ جاوید عالم، میاں خورشید عالم اور مہمان خصوصی ایلڈر مین فرید چوہدری

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ
صرف 10 ڈالر ہے
جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

مندرجہ ذیل رشتوں میں دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں اور جواب کے لیے اپنا فون نمبر تحریر فرمائیں۔ پتہ ہے:

ADVERTISEMENT NO.....
C/O AL-HILAL
338 HOLLYBERRY TRAIL
NORTH YORK, ONT.
M2H 2P6

* * *

اشتہار نمبر (۲۱): ڈاکٹر بیٹی اپنی والدہ کے ساتھ رہائش پذیر کراچی کی ۳۳ سالہ مطلقہ خاتون، برسر روزگار، نیک اور سمجھدار کے لیے شریف اور سنجیدہ مزاج سنی مسلمان کا مناسب الفور رشتہ مطلوب ہے۔

*

اشتہار نمبر (۲۳): انگلینڈ میں اپنے خاندان کے ساتھ مقیم پنجابی سنی مسلمان گھرانے کے بھائی بہن، عمریں بالترتیب ۳۲ اور ۲۱ سال کے لیے رشتے مطلوب ہیں۔

* * *

۲۸ سالہ پاکستانی سنی مسلمان لڑکے کیلئے رشتہ درکار ہے۔ دلچسپی رکھنے والے الحق کو ذیل کے پتے پر خط لکھیں یا فون کریں:

460 COLLEGE ST.
TORONTO, ONT. M6G 1A1
PHONE: (416) 927-0648

* * *

ایک ۳۲ سالہ پاکستانی کینیڈین، شریف گھرانے کی دراز قد، برسر روزگار لڑکی کیلئے پاکستانی یا یوگینڈا کے مسلم خاندان کے دراز قد، برسر روزگار لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے۔ اور

سید خاندان کے ۲۸ سالہ شریف النفس پیرس میں مقیم، پاکستانی انجینئر کے لیے خوبصورت اور سلیقہ شعار شریک حیات مطلوب ہے۔

ان دونوں رشتوں میں سنجیدگی سے دلچسپی رکھنے والے فون پر رابطہ قائم کریں:

(519) 578-4819

* * *

حیدرآبادی معزز گھرانے سے تعلق رکھنے والے ۲۵ سالہ تعلیم یافتہ لڑکے کیلئے، امریکہ یا کینیڈا کی امیگرنٹ، قبول صورت اور نیک سیرت لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے پتہ ذیل پر خط لکھیے:

M.A. HADI ANSARI
1765 LAWRENCE AVE., E.
APT. # 511
SCARBOROUGH, ONT.
M1R 2X8

چند میچ جیتنے کا مطلب نہیں کہ بھارتی ٹیم بہترین ٹیم ہو گئی

میں اب بالکل فٹ ہوں، پاکستان ... اب بھی ... عمران خان

[illegible]

مرکزی فضل محمود نے کھلاڑیوں کے دستے کی قیادت کی

[illegible]

پاکستان نے [illegible] کو برج میں ہرا دیا

[illegible]

نازیہ حسن کا گانا نشر کرنے پر پابندی

کراچی ——— پاکستان ٹیلیویژن نے ... نازیہ حسن اور زوہیب کے گانے ... پر نشر کرنے پر پابندی لگا دی ہے ... [illegible]

کوئی جھگڑا نہیں ہوا، عبدالقادر

[illegible]

۵۵۶ دلہنوں کو قتل کر دیا گیا

[illegible]

[illegible] اسلام آباد میں

ظہیر عباس کے گھر میں نقب زنی

کراچی ——— کرکٹ کے ممتاز کھلاڑی ظہیر عباس کے گھر میں نقب زنی کی واردات کی خبر موصول ہوئی ہے۔ ... [illegible] ... تقریباً ایک لاکھ روپے کے ... [illegible] ... ظہیر عباس ... باہر گئے ہوئے تھے۔

آپ کے خطوط

مُردِیہ

جناب ایڈیٹر "الہلال"۔ السلام علیکم۔

میں نے آج تک کسی بھی اخبار کے ایڈیٹر کو تمام عمر کوئی خط نہیں لکھا لیکن آپ کے پچھلے دو اداریے پڑھ کر آپ تک اپنی دعاؤں کا یہ نذرانہ پہنچانے پر مجبور ہو گیا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے اور آپ کے قلم کو ہمیشہ اسی طرح ایک سچے اور مخلص مسلمان سپاہی کا منجھا اور پر اثر ہتھیار بنائے رکھے۔ آمین۔

آپ نے قادیانیوں کے بارے میں بلا کسی جھجک یا ہچکچاہٹ یا مصلحت کے جس طرح آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشقوں کے جذبات کی صحیح اور مکمل ترجمانی کی ہے اس کا اجر تو خود ہی ذات ہی عطا کر سکتی ہے لیکن میرے جیسے کئی مسلمانوں کی دعائیں آپ اور آپ جیسے مجاہدوں کے لیے وقف ہیں۔ آپ کے پاس یہ قلم اللہ کی امانت ہے۔ اسے اللہ کے محبوب کی شان میں گستاخی کرنے والوں کے خلاف ہمیشہ اسی طرح استعمال کرتے رہیئے۔

سود کے متعلق اداریے میں اس اداریے کے مسرت میں پیر اللہ اور اس کے رسول کے احکامات کے مطابق آپ نے جو تشریح روشن کی ہے اس سے یقیناً بہت سے دل منور ہوں گے۔ آپ نے اپنی اس تحریر میں یہ ثابت کر دیا ہے کہ مومن کبھی کسی مسئلے میں گومگو کا شکار نہیں ہوتا۔ کیونکہ الحمد للہ اس کے لیے ہر مسئلے کا حل بتا دیا گیا ہے۔

سود کے مسئلے پر چونکہ آپ سے بہت سے مسلمان بھائیوں نے خط و کتابت کی ہے اس لیے میں آپ کی خدمت میں بھی اور آپ کے توسط سے سب کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اللہ کا شکر ہے کہ پاکستان میں ایک ایسے ادارے کی بنیاد پڑ چکی ہے جو مسلمانوں کے لیے ایک مکمل معاشی نظام تشکیل دینے میں رات دن مصروف ہے۔ یہ معاشی نظام ہر لحاظ سے جدید اور شرعی تقاضے پورے کرے گا۔ اور ان شاء اللہ دنیا دیکھے گی کہ ایک ایسا جدید معاشی نظام وجود میں آ چکا ہے جو سود اور ایسی تمام قباحتوں سے مکمل پاک اور صاف ہے۔ یہ اسلامی معاشی نظام جس ادارے میں ایک متعدد اور ایک نظریہ حیات کے طور پر تشکیل دیا جا رہا ہے وہ پوری اسلامی دنیا کا واحد نمائندہ ادارہ "انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اکنامکس" ہے۔ اس کے سربراہ ڈاکٹر ضیاء الدین احمد ہیں جو اس ادارے کو سنبھالنے سے قبل اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں ڈپٹی گورنر کے عہدے پر فائز تھے۔ اس ادارے کا تعارفی کتابچہ آپ کے مطالعے کے لیے منسلک ہے۔ سود کے مسئلہ پر ادارے کی تحقیق جس مقام تک پہنچی ہے اس سے واقفیت رکھنا سب مسلمانوں کے لیے مفید اور ضروری ثابت ہو سکتا ہے۔ اگر آپ مناسب سمجھیں تو کتابچے کے مطالعے کے بعد اس ادارے سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

International Institute of
Islamic Economics
Islamabad, Pakistan

اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ آمین۔

والسلام۔ مخلص

انعام الرحیم (ڈوبیق پیگ)

محترمی ایڈیٹر صاحب! السلام علیکم

میں سوچ رہا تھا کہ آپ کے اردو اور انگریزی دونوں اخبار بند کر دوں۔ لیکن پچھلے چند مہینوں سے اخبار میں بڑی خوشگوار تبدیلی نظر آ رہی ہے۔ اللہ کرے اس میں اور اضافہ ہو۔ ورنہ اخبار تو کئی لوگ نکال رہے ہیں جن میں نہ کوئی تحریک ہوتی ہے اور نہ کوئی تفکر ہے۔ اس باب میں آپ کا تجربہ اور مہارت زیادہ ہے۔ کوشش کیجیے کہ صحافت بے جان نہ ہونے پائے۔ بہر حال نیک توقعات کے ساتھ اپنی ممبرشپ کی تجدید کرا رہا ہوں۔

خدا حافظ۔ نظام الدین
وبرنشی کرکھیام

یہ عموماً بھول جاتے ہیں

[illegible]

کپڑوں کی سلائی

شلوار قمیض، کرتا پاجامہ اور بچوں کے کپڑوں کی ماہرانہ سلوائی مناسب اجرت پر کی جاتی ہے۔ معلومات کے لیے سو بجے دن کے بعد فون کیجیے:

429-0068

نمازِ تراویح

ماہِ رمضان کے دوران نمازِ تراویح کا بندوبست بے ولو مسجد میں کیا گیا ہے۔ جناب حافظ اشتیاق صاحب ختم قرآن پاک کریں گے۔ نمازِ عشاء کی اذان دس بج کر دس منٹ پر ہوگی اور نماز دس بج کر ۱۵ منٹ پر شروع ہوگی۔ یہ مسجد بے ولو پر اسٹیلز کے شمال میں واقع ہے۔

قائداعظم یونیورسٹی کی سابق وائس چانسلر سمیت ۲۲ افراد کو ۱۴ سال قید سخت کی سزا

فوجی عدالت نے تمام منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد بھی ضبط کرنے کا حکم دیدیا

اندرا گاندھی کیلئے لینن امن انعام

آئین کے بارے میں بزنجو کا بیان اُن کی ذاتی رائے ہے۔ رکا خان

مارشل لا کبھی ختم نہیں ہوگا۔ اکبر بگٹی

۱۹۷۳ کا آئین منسوخ نہیں ہوا تھا

ولی خان کو پیشکش

راجیو گاندھی کو ۱۵ اگست سے پہلے قتل کرنے کا منصوبہ

راجیو گاندھی

کاروں پر درآمدی کسٹم ڈیوٹی

پاکستان سے امریکی سفیر کو نکال دیا جائے: اصغر خان

خالصہ وائس

خزانہ پھر خالی ہے

غیر سیاسی باتیں

عبدالقادر حسن

مولانا عبیداللہ انور انتقال کرگئے

پاکستان اور ایران کے درمیان مزید فضائی رابطہ

Halal Beef, Lamb, Poultry & Groceries

تازہ حلال گوشت اور مُرغیاں

ZABEEHA MEAT &
GROCERY STORE
1536 Warden Avenue
SCARBOROUGH
Tele: 445-1272

fortnightly **al-Hilal**
Vol.14 No.4
May 10, 1985
50 ¢
Ph: (416) 474-9293, 493-4374
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont. Canada M2H 2P6

فوجی عدالتوں کی ازسرِنو تشکیل باعثِ تشویش ہے ۔ مولانا عباسی

وکلاء اور اخباری نمائندوں نے کراچی کے واقعات کی تحقیقات کرنیوالے ٹریبونل کا بائیکاٹ کردیا

سندھ کے بیشتر تعلیمی اداروں میں لاقانونیت کا دور دورہ

سندھ اور بلوچستان میں بڑا سیلاب آنے والا ہے : ولی خان

سندھ کا سیاسی نقشہ بدل رہا ہے

پاکستان میں جنریٹروں کی درآمد ڈیوٹی سے مستثنیٰ کردی گئی

کابینہ کے اجلاس میں کراچی کی صورتحال پر غور

حکومت خودفروشی اور منافقت کی حوصلہ افزائی کررہی ہے ۔ ارشد نیر

محکمہ سوشل سروسز کے توسط سے مسلمان بچوں کو عیسائی خاندان اپنا رہے ہیں

لاکالج، اسلامیہ کالج اور کامرس کالج بند

ضلع رحیم یار خان میں دس ہزار ہندوؤں نے عیسائی مذہب اختیار کرلیا

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان
پندرہ روزہ
ٹورانٹو (کینیڈا)
الہلال
سالانہ زرِ خریداری (برائے الہلال) ۱۷ ڈالر
سالانہ زرِ خریداری (برائے کریسنٹ) ۲۰ ڈالر
سالانہ زرِ خریداری (برائے الہلال، کریسنٹ) ۳۵ ڈالر
Name
Address
Postal Code Telephone
زرِ خریداری کا چیک کریسنٹ کے نام لکھئے اور پتہ ذیل پر بھیجئے
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6 Ph: (416) 474-9292, 493-4374
اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطورِ نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگا دیجئے

Managing Editor: M Lateef Owaisi.